QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 141

کیسکو نے 132kv تمپ گرڈ سٹیشن میں اضافی 20/26MVA پاور ٹرانسفارمر نصب کر دیا ہے

کوئٹہ: 09 دسمبر 2025ء۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی خصوصی ہدایت پر کیسکو نے 132KV تمپ گرڈ اسٹیشن میں توسیعی پروگرام کے تحت 20/26MVA کا ایک نیا اضافی پاور ٹرانسفارمر نصب کر کے جسے باقاعدہ طور پر انرجائز بھی کر دیا گیا ہے۔ تمپ گرڈ اسٹیشن سے منسلک تمام علاقوں کے صارفین کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ منصوبہ مختصر مدت میں پایہ تکمیل تک پہنچا دیا ہے جسے گزشتہ روز آپریشنل کر کے اس نئے پاور ٹرانسفارمر سے 11kv کے 2 فیڈرز بھی منسلک کر دیا گیا ہے۔ کیسکو کے شعبہ گرڈ سسٹم کنسٹرکشن (جی ایس سی) نے یہ منصوبہ فیڈرل پی ایس ڈی پی کے تحت مکمل کر لیا ہے جس پر تقریباً 132 ملین روپے تخمینہ لاگت آئی ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل تمپ گرڈ اسٹیشن میں صرف 10/13MVA کا ایک پاور ٹرانسفارمر نصب تھا جو کہ اوور لوڈ تھا جس کے باعث صارفین کو وولٹیج میں کمی وبیشی جیسے صورتحال کا سامنا درپیش رہتا تھا۔ تاہم اب ایک نئے اضافی 20/26MVA پاور ٹرانسفارمر کی تنصیب کے بعد 132kv تمپ گرڈ اسٹیشن سے منسلک علاقوں کے تمام صارفین کو مستحکم وولٹیج کے ساتھ بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے گی۔ ###

نمبر: کیسکو پی آر 142

کوئٹہ: 09 دسمبر 2025ء۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر ضروری نوعیت کے مرمتی کام کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 11 دسمبر کو (بروز جمعرات) مستونگ گرڈ اسٹیشن کے 11kv سٹی ون، سٹی ٹو، کیڈٹ کالج، سٹی تھری اور نواب غوث بخش رئیسانی اسپتال فیڈرز سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے جبکہ منجھوشوری گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہیگی۔ اسی طرح اوستہ محمد۔ جھل مگسی ٹرانسمیشن لائن پر 28 دسمبر تک (روزانہ) صبح 7 بجے سے شام 7 بجے تک کام کیا جائے گا جس کے باعث اس دورانیہ میں متبادل انتظام کے زریعے متاثرہ سرکٹ کو بجلی فراہم کی جائے گی۔ اسکے علاوہ 12 دسمبر کو (بروز جمعہ) 132KV شاہرگ گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے متعلقہ صارفین سے بجلی بندش پر زحمت کیلئے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔ ###